# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

**1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

**2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: اسالیب نثر اردو۔ ا (5609) — سمسٹر: خزاں 2013ء

سطح: ایم اے — کل نمبر 100

## مشق نمبر 1

سوال نمبر 1 (الف) اسلوب سے کیا مراد ہے؟ مختلف ماہرین نے اسلوب کی کیا تعریفیں کی ہیں آپ کے خیال میں ان تعریفوں میں سے کون سی تعریف بہتر ہے اور کیوں؟

(ب) اسلوب کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔

سوال نمبر 2 (الف) ایک ادیب کا اسلوب نگارش دوسرے کے انداز نگارش سے بالکل مختلف ہوتا ہے۔ کوئی سے دو صاحب طرز اسلوب نگاروں کے تقابلی مطالعے سے اس رائے کی تائید کریں۔

(ب) مقفیٰ، مسجع اور مرصع نثر کے مابین نوعیت کے فرق کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 3 سب رس کے اسلوب بیان کا تجزیہ کرتے ہوئے تاریخ ادب میں اس کا مقام متعین کیجیے۔

سوال نمبر 4 نظم ونثر کی قلمرو کا انتظام ایزدِ توانا کی عنایت سے خوب ہو چکا اگر اس نے چاہا تو قیامت تک میرا نام ونشان باقی و قائم رہے گا۔ اردوئے معلیٰ کی روشنی میں غالب کی اس رائے کا جائزہ لیں کہ یہ کس حد تک درست ہے۔

## مشق نمبر 2

کل نمبر 100

سوال نمبر 1 سرسید احمد خان کے تصنیفی ادوار کی تفصیل بیان کیجیے نیز ہر دور کی اہم خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 2 مضامین سرسید کے موضوعات اور اسالیب کی تفصیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3 علامہ شبلی نعمانی کے اسلوب تحریر کی نمایاں خصوصیات کیا ہیں اور یہ ان کے معاصر ادباء کے اسلوب سے کیونکر مختلف ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 4 الطاف حسین حالی کے اسلوب کی ممتاز ترین خصوصیات سادگی اور سنجیدگی ہیں! حیات جاوید کے حوالے سے اس رائے کی تائید یا تردید کیجیے۔